## سوال

نوافل ادا کرتے وقت موبائل سے قرآن سننا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا انفرادی طور پر نوافل ادا کرتے وقت قرآن کو موبائل سے سنا جا سکتا ہے ؟ ۔ ازراہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نفلی نماز انفرادی اور اجتماعی دونوں طرح پڑھنا مشروع ہے اور جماعت کی صورت میں قراءت امام کرے گا ،جب کہ انفرادی صورت میں تلاوت کرنا نمازی کی ذمہ داری ہے ۔ نماز میں انفرادی یا اجتماعی صورت میں کیسٹ یا موبائل سے قرآن سننا کتاب وسنت سے ثابت نہیں ،اس لیے ہر وہ عمل جس کے جواز کی دلیل کتاب سنت کی تعلیمات سے ثابت نہ ہو اس سے اجتناب لازم ہے ،اس لیے کہ وہ اعمال جو سنت مطہرہ سے ثابت نہ ان پر عمل پیرا ہونے کے متعلق سخت وعید وارد ہوئی ہے ۔ عائشہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :

«مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هَذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ»

جس نے ہمارے اس دین میں ایسی چیز ایجاد کی جو اس سے نہیں تو وہ مردود ہے ۔ ( صحیح مسلم ) اور دوسری روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا :

«مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَيْسَ عَلَيْهِ أَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ»

جس نے ایسا عمل کیا جس پر ہمارا حکم نہیں تو وہ مردود ہے ۔ ( صحیح مسلم ) ۔ چونکہ مذکورہ عمل دین حنیف سے غیر ثابت ہے ،اس لیے اس سے بچنا از بس ضروری ہے ۔

فتویٰ لمیٹڈ

محدث فتویٰ